Tarjihaat
Volume:IV
Issue: III
مارچ ۲۰۲۴
March. 2024
ترجیحات
ISSN: 2583-0082
Online Research Jornal

ڈاکٹر سُمیّہ ساجِد

حرُوف

حرُوف جلتے نہیں
بُجھتے بھی نہیں
راکھ ہو کر
خاک ہو کر
مرتے نہیں
ذہن ودِل کی
دیواروں پہ چسپاں
نِت نئے نقش بناتے
پُرانی یادوں کو آواز دے کر
ماضی کی تمام
کہی،انکہی باتوں میں
نیا رنگ بھرتے
اُن کو الگ معنی پہنا کر
مستقبل کی خاکہ کشی کرتے
خوبصورت رنگ بھرتے

Tarjihaat
Volume:IV
Issue: III
مارچ ۲۰۲۴
March. 2024
ترجیحات
ISSN: 2583-0082
Online Research Jornal

آوازوں کو شکل دیتے

اور احساسات کو زبان۔

سب کچھ کہہ کر بھی

نہ کہہ پانے کی

کیفیت سے دوچار

آخرکار

ہار مان لیتے

ہے، ہم ناکافی ہیں ،

بیان کرنے کو

انسان، کائنات

اور اُس سے بڑھ کر

خُدا کی ذات

جِس کی عظمت کے قصّے

ہر کتاب میں بیاں ہیں

مگر ہم نہیں مانتے

جِس پر یقیں کرنے کے

باوجود

ہر دم ایک بے یقینی کا

عالم طاری رہتا ہے

جس کے ہر حکم پر

سر جھکا کر بھی

حکم عدولی کے

جواز ڈھونڈھ لیتے ہیں

اور وہ جواز بھی

انھی حرُوف کی ہیر پھیر سے

ہمیں مل ہی جاتے ہیں۔

***

sumaiyasajid2@gmail.com